# فعل الأمْرِ الحاضِر

فعل کی دو اقسام فعل ماضی اور فعل مضارع کے بارے میں ہم پڑھ چکے ہیں۔ اب ہم فعل امر کو پڑھیں گے جو فعل مضارع سے بنتا ہے۔

We have learnt two kinds of a verb: Past tense (فعل ماضی) and Imperfect tense (فعل مضارع). Now we are going to learn about Imperative verb (فعل الآمْرُ) which is made from فعل مضارع.

**فِعل أمْرِ:** عربی زبان میں حکم دینے کو الأمر کہتے ہیں۔ فعل امر بھی فعل ماضی کی طرح مبنی ہے۔ یعنی فعل امر کا کوئی إعراب نہیں ہوتا۔

Imperative verb: In Arabic language, الامر means to give command. Fail amar is mabni (mabni has no e'raab)

**تعریف:** جس کام میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے یا التجا کی جائے اسے فعل امر کہتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے تو فعل امر استعمال ہوتا ہے یہاں حکم کے معنی میں نہیں ہوتا۔

Definition: An imperative verb is one used to demand an act, i.e. to give a command or to make a request. When we make dua to Allah SWT, the imperative form is used, but not in the sense of command

بیٹھ جاؤ (sit)، چلے جاؤ (go)، کھاؤ (eat)، معاف کر دیں ( forgive)، رحم کر (have mercy)

اوپر دی گئی مثالوں پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ متکلم اپنے مخاطب سے ایک کام کے کرنے کا مطالبہ کرتا ہے، آئندہ زمانے میں اسے ایک کام کرنے کا حکم دیتا ہے یا التجا کرتا ہے۔

From the above examples it is clear that the person speaking (the first person) is asking or requesting the person spoken to (the second person) to do .something in a future time

**فعل امر حاضر کے صیغے:** فعل ماضی اور فعل مضارع کے 14 صیغے ہوتے ہیں جبکہ فعل امر صرف حاضر کے 6 صیغوں سے بنتا ہے۔

Forms of Imperativeverb: Past and imperfect tense has 14 forms but imperative verb is made from 6 forms only.

(أنتَ ، أنْتما ، أنْتم ، أنتِ ، أنتما ، أنْتُنَّ)

امر یعنی حکم صرف اسی کو دیا جاتا ہے جو حاضر ہو اس لئے فعل امر میں صرف حاضر کے 6 صیغے ہی استعمال ہوتے ہیں۔

Second person singular, dual, plural, masculine and feminine. (أَنْتَ،أَنْتُما،أَنتم،أَنتِ،أَنتُما،أَنتُنَّ) You can order only to the person in front of you (2nd person). That's why only six forms of second person are used.


© copy rights reserved

## فعل امر حاضر بنانے کے قواعد

The Rules of formation of fail Amar

- فعل امر فعل مضارع سے بنتا ہے۔ اس لئے جس فعل کا امر بنانا ہو تو اس کا مضارع معلوم ہونا ضروری ہوتا ہے۔

fail Amar is always formed from فعل مضارع. So one must know its فعل مضارع.

- فعل امر بنانے کے لیے حاضر کے 6 صیغوں کے مطابق قواعد استعمال ہوتے ہیں۔

## امر حاضر واحد مذکر بنانے کے قواعد

Rules of second person singular masculine verb

- فعل مضارع واحد مذکر حاضر کے صیغے (أنتَ) میں سب سے پہلے علامت مضارع حرف ت کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

In second person singular masculine form the initial علامت مضارع (ت) is removed.

- پھر فعل مضارع کے آخری حرف سے اعراب کی علامت ضمّة کو حذف کر کے اسے ساکن کر دیا جاتا ہے۔

The ضَمَّة on the last letter is replaced by a سکون.

- علامت مضارع حذف کر دینے کے بعد، اگر اگلا حرف (فاء کلمہ) ساکن ہو تو اس سے پہلے ہمزۃ وصلی لگا دیا جاتا ہے تاکہ وہ پڑھا جا سکے۔ اس لئے کہ عربی میں کوئی بھی لفظ ساکن حرف سے شروع نہیں ہوتا کیونکہ اس کا پڑھنا ناممکن ہے۔

After removing علامت مضارع (sign of mudare) if the next letter Faa kalima is ساکن (unveiled) then همزه وصلی is used so that it can be read. In Arabic language a sentence cannot begin with a ساکن letter as it cannot be read.

- اگر علامت مضارع گرانے کے بعد اگلا حرف (فاء کلمہ) متحرک ہے تو ہمزۃ وصلی لگانے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ پڑھا جا سکتا ہے

After removing the sign of mudare, if the next letter Faa kalima is متحرك (vowel led) then there is no need of a همزه وصلی because it can be read.


© copy rights reserved

# امر حاضر واحد مونث، تثنیہ، جمع بنانے کے قواعد

Rules of second person singular feminine, dual, plural fail Amar hazir

- فعل امر حاضر واحد مونث، تثنیہ و جمع (مذکر، مونث) کے تمام 6 صیغوں (أنْتما ، أنْتم ، أنتِ ، أنتما ، أنْتُنَّ) میں بھی سب سے پہلے علامت مضارع حرف ت کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

In second person singular feminine, dual, plural fail Amar hazir form the initial علامت مضارع (ت) is also removed.

- فعل امر کے واحد مونث، تثنیہ و جمع کے صیغوں میں چونکہ اعراب کی علامت نون اعرابی ہوتا ہے اس لئے یہاں فعل امر بناتے ہوئے نون اعرابی کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

In the singular feminine, dual and plural forms, as the sign of earab is noon Arabi so while constructing imperative verb, noon aarabi is dropped here.

- مگر یاد رہے جمع مونث حاضر کے صیغے (أنْتُنَّ) میں نون حذف نہیں کیا جاتا کیونکہ وہ نون اعرابی نہیں بلکہ (نون نسوۃ) فاعل کا ہوتا ہے۔ جمع مونث حاضر کے صیغے کے آخر میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

But it should be kept in mind that in plural feminine second person the Noon is not omitted because it is not the Noon Aarabi rather it is doer noon niswan. No change occurs at the end of the second person plural feminine form.

**نوٹ:** فعل امر کے آخری حرف کو ساکن کرنے اور نون اعرابی کو گرانے کے یہ قواعد صحیح حروف کے لئے ہیں۔ حروف علت والے افعال کے قواعد فرق ہیں۔ انشاءاللہ وہ ہم حروف علت کے سبق میں پڑھیں گے۔

**Note:** These rules of imperative verb, such as making the last letter sakin and dropping the Noon aarabi are for letters Sahiha (letters besides the letters of Illat) . The rules for verbs having letters of Illat are different. Insha'Allah we will read those in Letters of Illat lessons.


© copy rights reserved

## فِعْلُ أَمْرٍ (Imperative Verb)

| | فِعْلُ أَمْرٍ | فِعْلُ مُضَارِعٌ | فِعْلُ مَاضٍ | |
|---|---|---|---|---|
| تم(واحد مذکر)مدد کرو<br>(You/m) help | اُنْصُرْ | تَنْصُرُ | نَصَرْتَ | أَنتَ |
| تم دو(مذکر)مدد کرو<br>(You 2/m) help | اُنْصُرَا | تَنْصُرَانِ | نَصَرْتُمَا | أَنْتُمَا |
| تم سب(مذکر)مدد کرو<br>(You all/m) help | اُنْصُرُوْا | تَنْصُرُوْنَ | نَصَرْتُمْ | أَنْتُمْ |
| تم(واحد مونث)مدد کرو<br>(You/f) help | اُنْصُرِي | تَنْصُرِينَ | نَصَرْتِ | أَنتِ |
| تم دو(مونث)مدد کرو<br>(You 2/f ) help | اُنْصُرَا | تَنْصُرَانِ | نَصَرْتُمَا | أَنْتُمَا |
| تم سب(مونث)مدد کرو<br>(You all/f) help | اُنْصُرْنَ | تَنْصُرْنَ | نَصَرْتُنَّ | أَنْتُنَّ |


© copy rights reserved

## فعل امر میں ہمزہ وصلی کی حرکت

Vowel ling Hamza asli

| فعل مضارع معلوم | ع کلمۃ حرکت | فعل امر | ہمزۃ وصلی |
|---|---|---|---|
| تَفْتَحُ (تم کھولتے ہو/کھولو گے) | فتحة | اِفْتَحْ (تم کھولو) | کسرة |
| تَضْرِبُ (تم مارتے ہو/مارو گے) | کسرة | اِضْرِبْ (تم مارو) | کسرة |
| تَنْصُرُ (تم مدد کرتے ہو/کرو گے) | ضمّة | اُنْصُرْ (تم مدد کر) | ضمّة |

## ہمزۃ وصلی کی حرکت

Vowel ling Hamza Asli

اوپر دی گئی مثالوں پر غور کریں دو مثالوں میں ہمزۃ وصلی پر کسرة ہے اور ایک پر ضمّة ہے۔اس سے سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس ہمزۃ وصلی کی کیا حرکت ہو گی؟

Look carefully at the above examples. In two of them Hamza has a kasrah while in the third one it has a damma. How to decide what vowel sign همزہ وصلی would take?

اس کو جاننے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہم فعل کے عین کلمہ (درمیانی حرف) کو دیکھیں گے۔اگر عین کلمہ پر فتحة یا کسرة ہے تو ہمزۃ وصلی پر کسرہ آئے گا اور اگر عین کلمہ پر ضمّة ہے تو ہمزۃ وصلی پر ضمّة آئے گا۔

The simple way to decide is this: We have to look at the vowel sign of the عین کلمہ (the second radical) of the verb. If it has a کسرہ or فتحہ then همزہ وصلی will have a کسرہ and in case عین کلمہ has a ضَمَّہ then همزہ وصلی will have a ضَمَّہ.

یاد رہے فعل امر کے ہمزۃ وصلی پر فتح کبھی نہیں آتا۔ Note: that in ثلاثی مجرّد the همزہ وصلی of فعل الامر never has a فتحہ.


© copy rights reserved

| | |
|---|---|
| اُنْصُرْ | فعلُ اَمرٍ مَبنى على السَكُونِ الفاعِلُ ضَميْرٌ مُسْتَتِرٌ تَقْدِيْرُہ اَنتَ |
| اُنْصُرَا | فعلُ اَمرٍ مَبنى على حَذفِ ُنونِ الفاعِلُ الألفِ تَقْدِيْرُہ اَنْتُما |
| اُنْصُرُوْا | فعلُ اَمرٍ مَبنى على حَذفِ ُنونِ الفاعِلُ الواؤ تَقْدِيْرُہ اَنْتم |
| اُنْصُرِيْ | فعلُ اَمرٍ مَبنى على حَذفِ ُنونِ الفاعِلُ الياءِ تَقْدِيْرُہ اَنْتِ |
| اُنْصُرَا | فعلُ اَمرٍ مَبنى على حَذفِ ُنونِ الفاعِلُ الالفِ تَقْدِيْرُہ اَنْتُما |
| اُنْصُرْنَ | فعلُ اَمرٍ مَبنى على السكُونِ الفاعِلُ النونُ النِسوۃ تَقْدِيْرُہ اَنْتُنَّ |

## فعل مضارع مخاطب

| | واحد | تثنية | جمع |
|---|---|---|---|
| مذكر | تَفْتَحُ | تَفْتَحَانِ | تَفْتَحُونَ |
| مؤنث | تَفْتَحِينَ | تَفْتَحَانِ | تَفْتَحْنَ |
| مذكر | تَضْرِبُ | تَضْرِبَانِ | تَضْرِبُونَ |
| مؤنث | تَضْرِبينَ | تَضْرِبَانِ | تَضْرِبْنَ |
| مذكر | تَنْصُرُ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرُونَ |
| مؤنث | تَنْصُرِينَ | تَنْصُرَانِ | تَنْصُرْنَ |

## فعل امر حاضر

| | واحد | تثنية | جمع |
|---|---|---|---|
| مذكر | اِفْتَحْ<br>(تم ایک مذکر کھولو) | اِفْتَحَا<br>(تم دو مذکر کھولو) | اِفْتَحُوا<br>(تم سب مذکر کھولو) |
| مؤنث | اِفْتَحِي<br>(تم ایک مونث کھولو) | اِفْتَحَا<br>(تم دو مونث کھولو) | اِفْتَحْنَ<br>(تم سب مونث کھولو) |
| مذكر | اِضْرِبْ<br>(تم ایک مذکر مارو) | اِضْرِبَا<br>(تم دو مذکر مارو) | اِضْرِبُوا<br>(تم سب مذکر مارو) |
| مؤنث | اِضْرِبِي<br>(تم ایک مونث مارو) | اِضْرِبَا<br>(تم دو مونث مارو) | اِضْرِبْنَ<br>(تم سب مونث مارو) |
| مذكر | اُنْصُرْ<br>(تم ایک مذکر مدد کرو) | اُنْصُرَا<br>(تم دو مذکر مدد کرو) | اُنْصُرُوا<br>(تم سب مذکر مدد کرو) |
| مؤنث | اُنْصُرِي<br>(تم ایک مونث مدد کرو) | اُنْصُرَا<br>(تم دو مونث مدد) | اُنْصُرْنَ<br>(تم سب مونث مدد کرو) |


© copy rights reserved